سوال

حج پر جانا چاھتا ھوں

جواب

سرکاری ملازم کا پرائیویٹ پاسپورٹ پرحج السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں سرکاری ملازم ہوں لیکن میرا پاسپورٹ غیر سرکاری یعنی پرائیویٹ ہے۔ ایسی صورت میں حج پر جانے سے کیا میرا حج صحیح ہوگا یا میں گناہ گار بنوں گا۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! میرے خیال میں پاسپورٹ سب لوگوں کا ایک جیسا ہی ہوتا ہے، اس میں سرکاری اور پرائیویٹ کی کوئی تفریق نہیں ہوتی ہے۔ اور اگر ہوتی بھی ہے تو اس کا حج کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ تو ضرورت کے تحت بنوانا پڑتا ہے۔ اس سے آپ پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ ہاں البتہ اگر آپ اس پاسپورٹ کے ذریعے کوئی ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں تو پھر اس کا گناہ ہو سکتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی